نماز جماعت کا مستحب ہونا

نماز جماعت کا مستحب ہونا

مسئلہ۶۹۴۔ یومیہ واجب نمازوں کو جماعت کے ساتھ بجالانا مستحب ہے اور نماز صبح ، نماز مغرب اور نماز عشاء کے بارے میں زیادہ تاکید کی گئی ہے۔

مسئلہ۶۹۵۔ نماز جماعت میں شرکت کرنا سب کے لئے مستحب ہے، البتہ مسجد کے پڑوس میں رہنے والوں اور مسجد کی اذان کی آواز سننے والوں کے لئے زیادہ تاکید کی گئی ہے۔

مسئلہ۶۹۶۔ جب نماز باجماعت ادا کی جارہی ہو تو مستحب ہے کہ جس شخص نے تنہا نماز پڑھی ہو وہ دوبارہ جماعت کے ساتھ پڑھے اور اگر بعد میں متوجہ ہو کہ پہلی نماز باطل تھی تو دوسری نماز کافی ہے۔

مسئلہ۶۹۷۔ اگر کوئی شخص تین رکعتی یا چار رکعتی نماز پڑھنے میں مشغول ہو اور نماز جماعت شروع ہوجائے اور مطمئن نہ ہوکہ اپنی نماز ختم کرنے کے بعد جماعت میں شرکت کرسکے گا یا نہیں تو اگر تیسری رکعت کے رکوع میں نہ پہنچا ہو تو مستحب ہے کہ نماز کو دو رکعت مستحب نماز کی نیت سے ختم کرے اور نماز جماعت میں شریک ہوجائے۔

مسئلہ۶۹۸۔ اگر باپ یا ماں اپنی اولاد کو حکم دیں کہ نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھے چنانچہ جماعت کے ساتھ نہ پڑھنے سے انہیں اذیت ہوتی ہو تو احتیاط یہ ہے کہ نماز کو جماعت کےساتھ پڑھے۔

مسئلہ۶۹۹۔ اگر کوئی شخص نماز میں وسوسے کا شکار ہوتا ہو تو نماز کو جماعت کےساتھ پڑھنا واجب نہیں ہے مگر اس صورت میں کہ جب اس قدر وسوسہ ہوتا ہو کہ نماز کوتوڑ دے یا ذکر کا زیادہ تکرار کرنا نماز کی موالات ختم ہونے اور نماز باطل ہونے کا باعث ہو۔